
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 18 نومبر 2025

# نصف سے زائد (54%) پاکستانی کاروباری ادارے اپنے کاروبار کی موجودہ کارکردگی / حالات سے مطمئن ہیں، جبکہ 46% کاروباری اداروں نے اپنے کاروبار کے حالات خراب یا بہت خراب ہونے کی اطلاع دی ۔







آج کل آپ کے کاروبار کے حالات کیسے ہیں؟ کیا آپ کہیں گے کہ حالات بہت اچھے، اچھے، خراب یا بہت خراب ہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معیشت

### عمومی

### موجودہ کاروباری حالات

**نصف سے زائد (54%) پاکستانی کاروباری ادارے اپنے کاروبار کی موجودہ کارکردگی/حالات سے مطمئن ہیں، جبکہ 46% کاروباری اداروں نے اپنے کاروبار کے حالات خراب یا بہت خراب ہونے کی اطلاع دی۔**

**(گیلپ پاکستان بزنس کانفیڈنس انڈکس)،**


(اسلام آباد)، 18 نومبر 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف سے زائد (54%) پاکستانی کاروباری ادارے اپنے کاروبار کی موجودہ کارکردگی/حالات سے مطمئن ہیں، جبکہ 46% کاروباری اداروں نے اپنے کاروبار کے حالات خراب یا بہت خراب ہونے کی اطلاع دی۔

بزنس کانفیڈنس سروے Q4 2025 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب کاروباری اداروں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آج کل آپ کے کاروبار کے حالات کیسے ہیں؟ کیا آپ کہیں گے کہ حالات بہت اچھے، اچھے، خراب یا بہت خراب ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 7% کاروباری اداروں کے مطابق آج کل اُن کے کاروبار کے حالات بہت اچھے ہیں، 47% کاروباری اداروں کے مطابق اچھے ہیں، 24% کاروباری اداروں کے مطابق خراب ہیں، جبکہ 22% کاروباری اداروں کے مطابق آج کل اُن کے کاروبار کے حالات بہت خراب ہیں۔


**"آج کل آپ کے کاروبار کے حالات کیسے ہیں؟ کیا آپ کہیں گے کہ حالات بہت اچھے، اچھے، خراب یا بہت خراب ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 571 کاروباری اداروں سے 22 اکتوبر تا 25 اکتوبر 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3-2% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**کاروباری لحاظ سے نتائج**: تجارت کرنے والے کاروباری اداروں نے اپنے کاروبار کی موجودہ کارکردگی کے حوالے سے سب سے زیادہ مثبت رائے (55%) دی، اس کے بعد سروسز فراہم کرنے والے اداروں میں (54%) اور اشیاء تیار کرنے والے کاروباری اداروں میں سب سے کم مثبت رائے (51%) پائی گئی۔ کاروبار کی موجودہ کارگردگی کے حوالے سے منفی رائے اشیاء تیار کرنے والے کاروباری اداروں میں سب سے زیادہ (49%) پائی گئی، اور سب سے کم تجارت کرنے والے کاروباری اداروں میں (45%) پائی گئی۔ مجموعی طور پر، تمام کاروباری شعبوں میں جذبات امید اور تشویش کے درمیان تقریباً متوازن ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**نیٹ اسکور**: 2025 کی دوسری سہ ماہی کے بعد سے، موجودہ کاروباری صورتحال میں کمی آئی ہے، اور اپنے کاروباری حالات کو "اچھا" کہنے والے لوگوں کے نیٹ اسکور میں 12% کی کمی دیکھی گئی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 18th November 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)